© rasailojaraid.com



اسراف ،بدعات اوراسراف تعمیرات میں اسراف، امراء اور حکمرانوں کا اسراف ،حدود تعزیرات میں اسراف ، تکفین وتجہیز میں اسراف ، اسراف کے حوالہ سے متفرق مسائل ۔ ان تمام مسائل اورموضوعات پر فاضل مؤلف نے تین سال محنت کر کے ایک ایسے کتاب کو مرتب کیا جو تشنگان علم وفضل کو وافر ذخیرہ فراہم کرتا ہے۔ یہ بات یقینی ہے کہ قوموں کے عروج وزوال کا اندازہ ان کے دسترخوان ،خوراک ،لباس ،وغیرہ ہی سے لگایا جاسکتا ہے موصوف نے کمال کردیا کہ اس اہم موضوع پر مفصل کتاب لکھ کر امت کی رہنمائی اور اسراف سے بچنے کی راہیں متعین کیں۔ کتاب کے متعلق استاد مکرم مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحبؒ یوں رقمطراز ہے۔ ''میری نگاہ سے اس موضوع پر ایسی ہمہ گیر جامعہ مانع تالیف نہیں گزری جسمیں عقائد ،عبادات ،معاملات ،معاشرات ،سیاسیات ،اداب ،اخلاقیات ، دعوت وارشاد اور دیگر بے شمار مباحث وامور میں اسراف پر تحقیقانہ انداز میں مدلل کلام موجود ہوں۔'' موصوف نے بڑی محنت ، اورغرق ریزی سے بکھرے ہوئے جواہر پاروں کو جمع کر کے ایک جدید علمی خزینہ قارئین کے سامنے پیش کیا ہے ۔ اللہ موصوف کو مزید علمی کاموں کی توفیق دے اور اس عظیم کاوش کو قبولیت عامہ سے نوازے۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

● **فتح المنان فی حکم البیع اذاظهر فیه الزیادة او النقصان** ......مولانا مفتی عبیدالرحمٰن

ضخامت ۸۵صفحات ناشر: مرکز البحوث الاسلامیہ مردان 03133736809

فقہ کی کتابوں میں کتاب البیوع کے اندر ایک معرکۃ الاراء مبحث ''اصل وصف'' موجود ہیں اور یہ مبحث ایک مسئلہ کیساتھ وابستہ ہے کہ مبیع میں کمی یا زیادتی ظاہر ہوجائے تو کیلی اشیاء میں کیا کریں گے اور موزونی اشیاء میں کیا کریں گے؟ یہ ایک مشکل مسئلہ ہے جسے اساطین علم اور شہسواران درس وتدریس نے اپنے اپنے اسلوب اور انداز سے اپنی تقریرات میں حل کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب اس مشکل مسئلہ کے متعلق ہے جو محترم مفتی عبیدالرحمٰن صاحب کی تصنیف ہے موصوف کو اس کتاب کی تیاری میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا بڑی محنت اور جانفشانی کے ساتھ اس کتاب کو تیار کیا ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے اصل وصف کی وضاحت ، اسکے اصول ،ضوابط ، اور قواعد ، اور اس مسئلہ کے متعلق فقہائے احناف کی عبارات کی تشریح اور اشکالات کا جائزہ ،عصر حاضر میں اس کی منطبق ان تمام امور پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے اہل علم وفضل پر احسان عظیم فرمایا کتاب کا اسلوب عام فہم ،طریقہ استدلال سادہ تفہیم مسائل آسان۔ مفتی عبیدالرحمٰن صاحب نہایت ہی اچھے قابل مدرس درس وتدریس کے ساتھ ایک جید محقق بھی ہیں مصنف کا اس سے پہلے بھی ایک کتاب ''امر بالمعروف ونہی عن المنکر '' نے اہل علم وفضل سے داد تحسین وصول کر چکے ہیں اور اب بھی ایک اہم مسئلہ ''مسئلہ تکفیر'' پر لکھتے رہتے ہیں۔ اللہ مزید لکھنے کی توفیق سے نوازے اور اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔

© rasailojaraid.com